Series : HF1EG

SET – 4

رول نمبر

Roll No.

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

| Q.P. کوڈ<br>Q.P. Code | 5B |
|---|---|

امیدوار .Q.P کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

مقررہ وقت : *3* گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : *80*
*Maximum Marks : 80*

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 11 ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 14 ہے۔
- سوالنامہ کے داہنی طرف چھپا .Q.P کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا لازمی ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے، سوال کا سیریل نمبر جواب کاپی میں دی گئی جگہ پر ضرور لکھیں۔**
- سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔ ~

عام ہدایات:

(i) یہ سوالنامہ **چار** حصوں پر مشتمل ہے اور اس میں **14** سوالات ہیں

(ii) **حصہ-الف** : سوال نمبر **1** تا **4** عبارت فہمی اور شعر فہمی پر مبنی ہے اور **20** نمبر کا ہے۔

(iii) **حصہ-ب** : سوال نمبر **5** تا **8** تحریری مہارت پر مبنی ہے اور **25** نمبر کا ہے۔

(iv) **حصہ-ج** : سوال نمبر **9** اور **10** قواعد پر مبنی ہے اور **20** نمبر کا ہے۔

(v) **حصہ-د** : سوال نمبر **11** تا **14** ادب پر مبنی ہے اور **15** نمبر کا ہے۔

(vi) ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب لکھیے۔

**General Instructions :**

(i) This Question Paper contains **14** Questions and divided into **4** Sections.
(ii) **Section – A** : Q. No. **1** to **4**
(iii) **Section – B** : Q. No. **5** to **8**
(iv) **Section – C** : Q. No. **9** to **10**
(v) **Section – D** : Q. No. **11** to **14**
(vi) Answer the Questions as per the specific instructions.

## حصہ – الف : عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## SECTION – A : Reading and Comprehension (20 Marks)

1. درج ذیل غیر درسی نثری اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے درست جواب کا انتخاب کیجئے: $5 \times 1 = 5$

(a) جگر کے یہاں گاہے بگاہے داغ، میر، درد، مومن، غالب اور اقبال کے اثرات دکھائی پڑ جاتے ہیں۔ میر اور غالب کی زمین میں ایک دو غزلیں بھی کہی ہیں لیکن یہ بھی سچ ہے کہ انہوں نے کسی کی تقلید نہیں کی۔ جگر کو بچپن سے نہ صرف مالی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا بلکہ والدین اور مہربان چچا کے انتقال کے بعد عزیز و اقارب سے دوری، دربدری کے صدمات اور عشق میں ناکامیوں کی وجہ سے شدید ذہنی، جذباتی اور روحانی اذیتیں بھی برداشت کرنی پڑیں اس وجہ سے ان کے کلام میں سوز و گداز پیدا ہوا۔ غموں نے لفظوں کو نغمگی بخشی، ذاتی تجربات نے اشعار کی صورتیں اختیار کیں۔ یہی وجہ ہے کہ انہیں اور ان کی شاعری کو قبول عام حاصل ہوا۔

(i) جگر کے یہاں کتنے شاعروں کے اثرات دکھائی پڑتے ہیں؟

(A) چار (B) پانچ
(C) چھے (D) سات

(ii) جگر کے تعلق سے سچ بات کیا ہے؟

(A) انہوں نے کسی نہ کسی کی تقلید ضرور کی۔ (B) انہوں نے میر اور غالب کی تقلید کی۔
(C) انہوں نے کسی کی تقلید نہیں کی۔ (D) انہوں نے تقلید کو اچھا سمجھا تھا۔

(iii) جگر کے کلام میں سوز و گداز کیسے آیا؟

(A) زندگی میں پریشانیوں کی وجہ سے (B) اچھے استاد کی وجہ سے

(C) بہت زیادہ محنت کرنے کی وجہ سے (D) شاعری کا بہت شوق ہونے کی وجہ سے

(iv) اشعار کی صورتیں بننے کا سبب کیا تھا؟

(A) تجربات (B) نغمگی

(C) غم (D) صدمہ

(v) جذبات، تجربات، صدمات میں کیا چیز ایک جیسی ہے؟

(A) یہ سب متضاد ہیں۔ (B) یہ سب واحد ہیں۔

(C) یہ سب محاورے ہیں۔ (D) یہ سب جمع ہیں۔

**یا (OR)**

(b) مغربی بنگال ہندوستان کا ایسا صوبہ ہے جس کی تاریخی انفرادیت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ قدیم ہندو راجاؤں پال اور سین خاندان کے بعد یہاں کئی سو سال تک مسلم سلاطین نے حکومت کی۔ پھر یہ مغل سلطنت کا حصہ بنا۔ بعد میں انگریزوں نے یہاں قدم جمائے۔ جنگ آزادی میں اس صوبہ نے اہم کردار نبھایا۔ یہیں سے اخباروں کی اشاعت شروع ہوئی۔ صنعت و حرفت آگے رہنے کے سبب آس پاس کے صوبوں سے لوگ یہاں آ کر رہے۔ تعلیم کے میدان میں اسے اولیت حاصل رہی۔ نوبل پرائز پانے والوں میں اس صوبہ کے رابندر ناتھ ٹیگور، مشہور سائنس داں سی۔ وی۔ رمن، معروف سماجی خدمت گار مدر ٹریسا، ماہر اقتصادیات امرتیہ سین اور معتبر ماہر معاشیات ابھیجیت بنرجی کے نام سے کون واقف نہیں ہے؟ ساتھ ہی انقلابی شاعر قاضی نذر الاسلام، ملت کے خیر خواہ حاجی محمد محسن، عورتوں میں بیداری لانے والی بیگم رقیہ، ملک کے پہلے آئی پی ایس افسر عین۔ رشید، بالی ووڈ میں اپنی آواز کا جادہ جگانے والے گلوکار محمد عزیز وغیرہ بھی اسی سرزمین سے تعلق رکھتے ہیں۔

(i) کس صوبہ کی تاریخی انفرادیت ہے؟

(A) اترپردیش (B) کرناٹک

(C) راجستھان (D) مغربی بنگال

(ii) مسلم سلاطین کا دور حکومت کتنا تھا؟

(A) سو سال (B) سو سے زیادہ سال

(C) چند سال (D) آزادی سے پہلے تک

(iii) مغربی بنگال کو کس میدان میں اولیت حاصل رہی؟

(A) کھیلوں کے میدان میں (B) تعلیم کے میدان میں

(C) جنگ کے میدان میں (D) آزادی کے میدان میں

(iv) مغربی بنگال کے انقلابی شاعر کا نام بتائیے۔

(A) عین۔رشید (B) قاضی نذرالاسلام

(C) محمد عزیز (D) حاجی محمد حسن

(v) مغربی بنگال کے معروف خدمت گار کا اور پہلے آئی۔پی۔ایس۔ کا نام لکھیے۔

(A) امرتیہ سین، بیگم رقیہ (B) حاجی محمد حسن، نذرالاسلام

(C) محمد عزیز، رابندر ناتھ ٹیگور (D) مدر ٹریسا، عین۔رشید

2. مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے درست جواب کا انتخاب کیجیے: **5 × 1 = 5**

(a)

اکیسویں صدی کا آغاز ہم کریں گے
تاروں سے اور آگے پرواز ہم کریں گے
تاروں کا علم ہو یا سائنس و فلسفہ ہو
اشعار میں بیاں اب وہ راز ہم کریں گے
لہرائیں گے علم ہم، تاروں کی سرزمیں پر
حاصل ضرور یہ بھی، اعزاز ہم کریں گے
مانا بہت ہے دوری تاروں کی سرزمیں کی
حکمت سے ہر بلندی، ایجاز ہم کریں گے

(i) صدی میں کتنے سال ہوتے ہیں؟

(A) ایک (B) دس

(C) سو (D) ہزار

(ii) ہم پرواز کس سے آگے کریں گے ؟

(A) سورج سے (B) چاند سے

(C) تاروں سے (D) ستاروں سے

(iii) ’’تاروں کا علم‘‘، ’’لہرائیں گے علم‘‘ دونوں جملوں میں علم کے الگ الگ معنی ہیں۔ ان معنوں کی پہچان کیجیے۔

(A) معلومات، جھنڈا (B) معلومات، پتنگ

(C) تحقیق، کپڑا (D) سبق، جھنڈا

(iv) اشعار میں کون سے راز شاعر بیان کرنے کے لیے کہہ رہا ہے ؟

(A) تاروں، سائنس، فلسفے کا علم (B) تاروں، پرواز اور اکیسویں صدی کا علم

(C) تاروں، زمین کا علم (D) تاروں، زمین اور حکمت کا علم

(v) معنی لکھیے:

بلندی، آغاز

**یا (OR)**

(b)

گنگا جمنا اس کی آنکھیں، لال قلعہ دل اس کا
آج ہمالہ پربت جیسا ہے مستقبل اس کا
کوئی نہیں دنیا میں دیکھو آج مقابل اس کا
میرے دیش کا کیا کہنا

جلیاں والا راج سنگھاسن آزادی کا تخت و تاج
جامع مسجد اس کی عزت، برلا مندر اس کی لاج
روز سویرے سرگم گاتی قدرت لے کر اپنے ساز
میرے دیش کا کیا کہنا

(i) میرے دیش سے کیا مراد ہے ؟

(A) ہندوستان (B) بنگلہ دیش

(C) روس (D) امریکہ

(ii) دیش کی آنکھیں کس کو بتایا گیا؟

(A) سمندروں کو (B) ندیوں کو

(C) پہاڑوں کو (D) شہروں کو

(iii) ہمالیہ کیا ہے؟

(A) وادی (B) پہاڑ

(C) جنگل (D) میدان

(iv) دیش کی عزت اور لاج کیا ہیں؟

(A) گنگا جمنا (B) لال قلعہ

(C) مسجد و مندر (D) ہمالیہ

(v) ساز کے ساتھ سرگم کون گا رہا ہے؟

(A) دیش (B) راج سنگھاسن

(C) قدرت (D) تخت و تاج

3. درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے درست جواب کا انتخاب کیجئے: $5 \times 1 = 5$

انہوں نے کمزور طبقوں کی تعلیم کے لیے کئی ادارے قائم کیے۔ اسکول اور کالج کھولے۔ مردوں کے ساتھ کی ترقی پر بھی توجہ دی۔ ان کے لیے سماج میں برابری کے حقوق کی وکالت کی۔ ڈاکٹر امبیڈکر نے ہمیشہ اتحاد اور یگانگت پر زور دیا۔ ان کا اہم کارنامہ ملک کا دستور ہے۔ جب ہمارا ملک آزاد ہوا تو اس کا دستور بنانے کی ذمہ داری ان کو سونپی گئی۔ اس لیے انہیں بھارت کے دستور کا معمار کہا جاتا ہے۔

(i) کمزور طبقوں کے لیے ڈاکٹر امبیڈکر نے کس طرح کے ادارے قائم کیے؟

(A) اسکول اور کالج (B) مدرسے

(C) یونیورسٹی (D) مکتب

(ii) مردوں کے ساتھ ساتھ کس کی ترقی پر بھی توجہ دی؟

(A) لڑکوں کی (B) لڑکیوں کی

(C) آدی باسیوں کی (D) گاؤں والوں کی

(iii) ملک کی آزادی کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر کو کیا ذمہ داری سونپی گئی؟

(A) سرکار بنانے کی (B) دستور بنانے کی

(C) اتحاد اور یگانگت قائم کرنے کی (D) کتاب لکھنے کی

(iv) ڈاکٹرامبیڈکر ہمیشہ کس پر زور دیا کرتے تھے ؟

(A) بھائی چارے پر (B) لڑائی جھگڑے پر

(C) برابری پر (D) اتحاد اور یگانگت پر

(v) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) ڈاکٹرامبیڈکر (B) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

(C) ڈاکٹر بھیم راؤ سکپال (D) باباصاحب امبیڈکر

4. درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے درست جواب کا انتخاب کیجیے: **5 × 1 = 5**

ہے دنیا جس کا ناؤمیاں یہ اور طرح کی بستی ہے
جو مہنگوں کو تو مہنگی ہے اور سستوں کو سستی ہے
یاں ہر دم جھگڑے اٹھتے ہیں ہر آن عدالت بستی ہے
گر مست کرے تو مستی ہے، اور پست کرتے تو پستی ہے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اس ہاتھ ملے، سودا دست بدستی ہے

(i) یہ اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

(A) حمد (B) نیکی اور بدی

(C) پہاڑ اور گلہری (D) قدم بڑھاؤ دوستوں

(ii) ان اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) نظیؔر اکبر آبادی (B) مرزا غاؔلب

(C) اقباؔل (D) میر تقی میرؔ

(iii) دنیا کن لوگوں کے لیے مہنگی ہے؟

(A) سستوں کے لیے (B) مالداروں کے لیے

(C) غریبوں کے لیے (D) مہنگوں کے لیے

(iv) ''یاں ہر دم جھگڑے اٹھتے ہیں'' اس مصرعے میں کس جگہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(A) گاؤں (B) شہر

(C) دنیا (D) ہندوستان

(v) سودا کیسا ہے؟

(A) مہنگا ہے (B) سستا ہے

(C) اچھا ہے (D) دست بدستی ہے

## حصہ – ب : تحریری مہارت (25 نمبر)

## SECTION – B : Writing Skill (25 Marks)

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر کم سے کم **250** الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: $1 \times 10 = 10$

(i) تندرستی ہزار نعمت ہے۔

(ii) اسکول کا سالانہ جلسہ

(iii) کووڈ-19 وبا کے اثرات

6. (a) آپ کا نام شہزادہ/شہزادی ہے۔ آپ کا پتا مکان نمبر 101، ٹھاکر کمپلیکس، پربھات نگر روڈ، پونا، مہاراشٹر -411045 ہے۔ آپ نے حال ہی میں نویں جماعت پاس کی اور اب دسویں جماعت میں ہیں۔ لہذا آپ کو کورس سے متعلق چند کتابوں کی ضرورت ہے۔ اِس کے لیے ورلڈ بک اسٹور، منگل داس روڈ، پونا-411001 کو خط لکھ کر ضرورت کی کتابیں منگانے کے لیے آرڈر کیجیے۔ اس خط میں کتابوں کی فہرست بھی بنائیے۔ $1 \times 5 = 5$

**یا (OR)**

(b) پچھلے دو دنوں سے ویویکانند اسکول، راجا بازار، پٹنہ، بہار میں پینے کا گندا پانی آ رہا ہے۔ آپ اسی اسکول کی جماعت دسویں-سی میں زیر تعلیم ہیں اور گندے پانی کی وجہ سے آپ کو اپنی اور اپنے ساتھیوں کی صحت کی فکر ہو رہی ہے۔ لہذا اسکول کے پرنسپل کے نام صاف پانی کی فراہمی کے لیے درخواست لکھیے۔

7. (a) سید احتشام حسین کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھیے۔ $1 \times 5 = 5$

**یا (OR)**

(b) سبق ''خدا کے نام خط'' کا خلاصہ لکھیے۔

8. (a) مرزا غالب کے بارے میں نوٹ لکھیے۔ **1 × 5 = 5**

**یا (OR)**

(b) نظم ''نیکی اور بدی'' کا خلاصہ لکھیے۔

## حصّہ – ج : عملی قواعد (20 نمبر)

## SECTION – C : Functional Grammar (20 Marks)

9. درج ذیل سوالات میں سے صرف **آٹھ** کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے: **8 × 2 = 16**

(i) اس فعل کو کیا کہتے ہیں جس میں کام کرنے والا معلوم نہ ہو؟

(A) فعلِ معروف (B) فعلِ ناقص

(C) فعلِ مجہول (D) فعلِ متعدی

(ii) وہ فعل جس میں کسی کام کو آنے والے وقت میں کیا جائے کیا کہلاتا ہے؟

(A) فعلِ ماضی (B) فعل مستقبل

(C) فعلِ حال (D) فعلِ لازم

(iii) لفظ ''بدمزاج'' کا متضاد ہے

(A) خوش گوار (B) خوش مزاج

(C) بدزبان (D) بدنما

(iv) لفظ ''حالات'' کا واحد ہے

(A) حال (B) محل

(C) حل (D) ماحول

(v) ذیل کے الفاظ میں سے مذکر کی نشان دہی کیجیے:

(A) عورت (B) نانی

(C) نانا (D) ممانی

(vi) درج ذیل میں کس لفظ میں سابقے کا استعمال کیا گیا ہے؟

(A) نمک خوار (B) رازدار

(C) چراگاہ (D) بے مثال

(vii) ذیل میں سے جمع کی نشاندہی کیجئے:

(A) غربا (B) مشغلہ

(C) دوست (D) احساس

(viii) جس لفظ سے کسی خاص چیز کا نام ظاہر ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) فعلِ ناقص (B) اسمِ معرفہ

(C) فعلِ امر (D) اسمِ نکرہ

(ix) درج ذیل میں سے اسم نکرہ کی پہچان کیجئے:

(A) دہلی (B) کرینا

(C) شہر (D) ارجُن

(x) درج ذیل میں سے لاحقہ کی نشان دہی کیجئے:

(A) درآمد (B) عقل مند

(C) بے درد (D) لاپرواہ

10. درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے: $4 \times 1 = 4$

(i) آپے سے باہر ہونا

(ii) جوتیاں چٹخانا

(iii) چھکے چھڑا دینا

(iv) ہتھیار ڈالنا

(15 نمبر)

(15 Marks)

## حصّہ – د : ادب
## SECTION – D : Literature

$3 \times 2 = 6$

11. درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے:

(i) آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی؟

(ii) التمش کی وصیت کیا تھی؟

(iii) سبق ''بے تکلفی'' میں سے بے تکلفی کے کسی ایک واقعے کو بیان کیجیے۔

$2 \times 1 = 2$

12. درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے:

(i) بھارت کے دستور کا معمار کون تھا؟

(ii) پوسٹ ماسٹر کیسا آدمی تھا؟

$2 \times 2 = 4$

13. درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے:

(i) کن باتوں سے خدا کی قدرت کا پتا لگتا ہے؟

(ii) میر کی غزل کے ایک شعر میں خانہ خراب کسے کہا گیا ہے؟

$3 \times 1 = 3$

14. مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے:

(i) کعبے جانے سے شاعر کو شرم کیوں آتی ہے؟

(ii) دوسرا مصرعہ لگا کر شعر پورا کیجیے:

ے نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں

--------------------------

(iii) درج ذیل شعر کے شاعر کا نام لکھیے:

ے کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا ایک گلہری سے

تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے